المنطق اُلجنیدیہ

فرمودات گرامی

ڈاکٹر محمد علی جنید

حصہ اول

دارُاُلفکر والتحقیق الاسلامی :پاکستان

المنطق الجنیدیہ

ڈاکٹر محمد علی جنید

منطقیہ نوادراتِ و آرا علمی اور تجزیات،مشاہدات کے

جنھیں وہ فیس بک پر روزانہ مختلیف مباحث پر رقمطراز فرماتے

رہے ہیں:واضح رہے کہ ان اقوال کے ذیلی نقاط اور متعلقہ سلسلہ

وار اقوال طوالت کے سبب اس ویڈیو سے ہذف کردی گئے

ہیں:جسکے لئے ہم معذرت خواں ہیں۔

حصہ اول

نبی اکرمؐ کی لعنت

نبی اکرمؐ نے اس مرد و غلام پر لعنت
کی ہے جو اپنے باپ یا آقا کے سوا
غیر سے تعلق جوڑے:جبھی دوسروں
کے نسب کو دھوکے سے اپنا نا بنائیں۔

عورت کا عزت و وقار ہارنا

مرد کی مردانگی کو بیٹے کی خواہش
پر انا کی حد تک غالب کرنے میں ایک
عورت اسکی ماں و دادی کا گہرا ہاتھ
ہوتا ہے:اکثر اس خواہش کی بلی میں
عورت اپنا عزت و وقار تک ہار جاتی
ہے۔

باہمی کیمیا گری

اگر آپ ادب ،فلموں اور ڈراموں کا مشاہدہ کریں تو عورت کی تصویر کشی عورت کے مقابل ظالمانہ ملے گی جبکہ عورت و مرد کی باہمی کیمیا گری عاشقانہ دکھے گی۔

عورت کا کردار

آپ عورت مارچ کی سرخیل ماميوں ،چاچیوں اور آنٹیوں پر تحقیق کریں تو انکے رشتہ ازواج کے انقطاع میں عورت ہی کسی نا کسی شکل میں کردار ادا کرتی پائے جایگی۔

حقوق کی تحدید

یہ خواتین کہتی ہیں کہ عورتوں کو
حقوق نہیں ملتے مگر یہ خود اپنی نند
و بہو کے حقوق کو ضبط کرنے اور انکی
تحدید کرنے میں پیش پیش رہتی ہیں۔

جامعاتی مکھن

پاکستان میں عورتوں پر ظلم و جبر کی بابت بہت کچھ کہا گیا ہے مگر جو کچھ کہا سنا گیا ہے وہ عورتوں کو خوش کرنے کے لئے کہا گیا ہے بلخصوص جامعاتی خواتین کو مکھن لگانے کے لئے۔

ہمدردی میں کوتاہی

پاکستان کی ہرحکومت میں
آنےوالےسیاسی کارکنوں کی پانچ سال
کی گالیاں اور بدکلامیاں میرے نام
مخصوص ہوجاتی ہیں جو چھٹےسال
ہمدردی میں بدل جاتی ہیں۔

لہذا رات کو ہوم ورک میں اپنی اپنی تاریخ میں اپنی اپنی تعریف شدہ ریاست مدینہ بنائیں:اور خوش ہوکر انجوائے کریں:فرق صاف ظاہر ہے؟

امیر ترین سودخور

غربت، افلاس اورسود کا بڑا گہرا تعلق ہے سود اللہ کے خلاف بغاوت تو ہے مگر ساتھ ساتھ میں برکت کومعطل کرکے آپکو غریب ترین اورسودخورکو امیر ترین بنادیتا ہے۔

غریب کا پیٹ

غریب کا پیٹ صابر روح بھی پیدا
کرسکتا ہے اور حد سے گزر جائے تو
بے صبر شیطان بھی تیار کرسکتا ہے
:جبھی غریب پڑوسی پر نگاہ کرم کریں
شاید آپکی امداد اسکو بچالے؟

عورتوں سے کلامی بیعت

عایشہ ؓ فرماتی ہیں کہ نبی اکرمؐ کا ہاتھ کبھی کسی غیر عورت سے چھوا نہیں: حد یہ کہ بیعت بھی عورتوں سے کلامی لیتے تھے ہاتھ پر نہیں۔

ریاست مدینہ میں قرض کس کے لئے لیا ہے؟

ہماری جامعہ کے کئی طلبا کو دو لاکھ جرمانے سمیت مجرمانہ فیس ادا کرنی ہے:حکومت نے جو انھیں نوا نوا مقروض کیا ہے وہ رقم انکی فیس میں جمع کرادے تو شاید مقروضی دعا مل جائے؟قرض بھی انہی کے لئے لیا تھا نا کیوں؟

بلاسود اولڈ مدینہ اور بمعہ سود نیو مدینہ

شہریتی تاریخ کی روسے اولڈ مدینہ میں ریاست بلاسود معیشت پرکھڑی تھی،وہاں مسلم غیرت وانفرادیت کےسبب ریاست کسی کی مقروض ناتھی جبکہ یہاں سود در سود پہیلا پڑا ہے حکومت خود سودی کاروبار چلاتی ہے۔

کتنوں نے انٹر میں سوک اور تاریخ پڑھی ہے:ایک طنز؟

بدتمیز اور نالایق لوگ خواہ مخواہ
بیچاروں پر ریاست مدینہ سے انحراف
کاالزام لگارہے ہیں : بھائی انھوںنے
بھی انٹر میں سوک پڑھی تھی جان
لوگے بچوں کی کیا؟

سود ،مدینہ اور علیمہ باجی

کیونکہ نبی اکرمؐ نے اپنے مدینہ میں سود کی
ممانعت کردی تھی اورسود کااول
کاروباراپنےچچا عباسؓ کا بند کرنےکااعلان کیا
تھا:فرق سمجھ آیا؟افواہ ہے کہ علیمہ باجی نے
بینک سے قرض لیکر انڈہ بچے دینے والی
سلائی مشین کا کاروبار شروع کیا تھا؟

ریاست مدینہ میں شرح سود

خیر اس ہفتہ اس پیاری ریاست مدینہ
میں یہاں کے حکومتی زر خانے یعنی
اسٹیٹ بینک نے شرح سود ساڑھے
دس فیصد مقرر کردی ہے:مزا آیا
عصری ریاست مدینہ کا ماجرا سن کر؟

پنکی کی ریاست مدینہ اور عمو کا پاکستان

انھوںنےجورات کوتاریخ لکھ کراس میں جس مدینہ کا ذکر کیا تھاانتخابات میں اسی مدینہ کے طرف اشارہ کیا تھا یا شاید پنکی کے فیضان مدینہ کے طرف اشارہ تھا ،خیر جو بھی ہو انہی سے پوچھ لیں؟

لہٰذااسلامی سوشلسٹ جمہوریت کا مذاق ہو یا
پھر ریاست مدینہ دونوں سے مراد انکا ذاتی
منشوری مدینہ ہوتا ہے:جبھی ان پر الزام
لگانےسےبچیں،مگر ایسا ہوگا نہیں کیونکہ
دوسروں کی پگڑیاں اچھالنے کا ہمیں خاص
شوق ہے۔

شہری ریاست اور ساڈا مدینہ:تفہیم کی غلطی؟

مدینہ کے معنی شہر کے ہوتے ہیں ،شہریت و شہری کے متعلق علم کو علم شہریت کہتے ہیں:جبھی پی-ٹی-آئی کی ریاست مدینہ کے معنی شہری

ریاست کے ہیں ریاستِ مدینہ کے نہیں ہیں؟

زندہ

مخلوق بھی مرچکی ہے ،سوچ بھی جل چکی ہے ،انسیانیت گرچکی ہے ،خواہش نفس صعود کرچکی ہے اخلاق گزر چکا ہے:صرف رب ہی زندہ باقی ہے۔

اخلاقی موت

گفتگوکاحاصل یہ ہے کہ جسم فروش مجبور عورتوں کی طرح ہم بھی اپنی روح و فکر کو جدید نظام فکر کے ہاتھوں فروخت کرچکے ہیں: اخلاق مرچکا ہے۔

بڑے مرشد

نبی اکرمؐ سے بڑا کوئی مرشد نا تھا
:کم عمر عایشہ ؓ کی کوئی اولاد نا تھی
،مگر انھونے کبھی آپ سے ایسا بیٹے
کا مطالبہ نہیں کیا: لہذا اپنی عزت،شرم
حیا کو قربان کرنے سے بچائیں۔

واضح تبدیلی

نئی حکومت کی واضح تبدیلی
مہنگائی،بے روزگاری ،اور روز بھیک
مانگ کر محفوظ رقوم میں جعلی اضافہ
کرنا ہی رہ گیا ہے۔

قرض مانگے بغیر مقروض

یعنی کہ میں جو خالی جیب کو قرض مانگنے پر ترجیح دینے کی حکمت عملی پر تاحال عامل ہوں -
میں بھی بِنا مانگے مقروض ہوچکا ہوں-

مقروض کی نماز جنازہ

نبی اکرمؐ کسی مقروض کی نماز جنازہ نہیں پڑھاتے تھے،کسی اورکو حکم کرتے تھے:یعنی ہماری حکومتوں نے روز قرض لیکرہم پرنیاعذاب ڈال دیا ہے۔

حکومتی نااہلی کے سبب:کیا ہوتا ہے؟

غریب اور درمیانہ طبقے کو اپنے پیارے مریضوں کے لئے اپنی انا،خودی،کو قربان کرکے بھیک مانگ کر ہاتھ جوڑ کر انھیں ہسپتال میں داخل کروانا پڑتا ہے:فٹ پاتھ پر سونا پڑتا ہے۔ ہسپتال اور ڈاکٹروں کے آگے ناک رگڑنی پڑتی ہے۔

خدا ،حکومت اور بھوک

بھوک کی کارکردگی یہ ہے کہ
سیلانی،چھیپا اور عالمگیری
دسترخوان بھوکے پیٹوں کو حکومت
کے ناہونے اور خدا اور خیرات کے ہونے کا احساس
دلاتے ہیں۔

مذہب اور حکومتی کارکردگی کی تفریق

حکومت کی کار کردگی اس سے عیاں ہے کہ
صحت کا بڑا بوجھ زکاۃ،خیرات وچندہ نے اٹھایا
ہوا ہے:اس گنگاسے لبرل بھی ہاتھ دھونے میں
پیچھے نہیں ہیں:ادیب رضوی ایک سوشلسٹ
ہے ایدھی صاحب کی بابت بھی ایسا کہا گیا
ہے: مگر مذہب یہاں سب کے کام آرہا ہے۔

ناصحین بلتضاد

ناصحین بلتضاد تبلیغی نصاب سے صوفیانہ افکار کے قصے بیان کرکے ،ہاتھ میں آئی فون پر کال وصول کرکے ایکوا میں بیٹھ کر ،پلاٹ بیچنے کے نفاق سے نکلیں :اگر آپکو تصوف نما زندگی اتنی محبوب ہے تو دولت قربان کرنے کی ابتدا کر دیں؟

بھوک کی قوت

ہمارے مفتیوں ،وعظ گووں ،خطیبوں
اور خود ساختہ فلسفیوں کو سمجھنا
ہوگا کہ رائے دینے،فتوی دینے تک
محدود نا رہیں عملاً بھی کچھ
کریں:ورنا خالی پیٹ اور بھوک اہل
مذہب کو لے ڈوبے گی۔

بھوکی آنکھیں

ہماری تمام انا خُودی،اصول وضوابط ہمارے اہل خانہ اور بچوں کی ضرورت طلب بھوک بھری آنکھیں ملیا میٹ کردیتی ہیں :اسی سبب اسلامی ریاست امت کی ضروریات کے لئے بھی جایز اقدام کرتی ہے۔

پیروں اور عورتوں کے ڈی۔این۔اے

اب سائنس و طب بہت ترقی کرگئی ہے ایسی محب پیر عورتوں اور ان پیروں کا خفیہ ڈی۔این۔اے تجزیہ کرالیں بڑی تعدادمیں انکشافات حاصل ہونگے:جو دودھ کا دودھ پانی کا پانی کردینگے۔

فلسفی بننے کا شوق

خالی مغربیت و جدیدیت کو کوس کر بڑا فلسفی بننے کے شوق سے مسئلہ حل نہیں ہوگا،مسئلہ حل غربت و افلاس کی کمی سے حل ہوگا؛ جسکے خاتمے کی قوت ہمارے پاس نہیں ہے مگر حکومت کو اسکو بڑھانے کے بڑے طریقے آتے ہیں۔

معدوم الغیرت مشرقی خاوند

عصر حاظر کی اکثر عورتوں کی بے بسی یہ ہے کہ

ان میں سے اکثر عورتوں کے خاوند ان سے زبردستی کمائی کروانے میں اپنی نکٹھو گیری،نشہ بازی کے سبب اعلی ترین دیوث و بے ضمیر بن چکے ہیں۔

غیر اخلاقیت کاحامل ریاستی نظام

اس سے واضح ہے کہ ہمارا ریاستی نظام کتنی غیر اخلاقیت کاحامل ہے کہ یہاں حکومت بے گھر عورتوں،خالی پیٹ بچوں کو سیلانی نما اداروں کے آسرے پر چھوڑ چکی ہے:پی-پی کی آخری حکومت میں بھوکی عورتیں مسجدوں کے دروازوں تک آگئیں تھیں۔

جسم فروش آنٹیاں ،پولیس اور مزار قاید

کیا آپ نے کبھی مزار قاید کے راستے میں برقع پہنی فٹ پاتھ پر اکیلی بیٹھی آنٹیوں پر غور کیا ہے کہ وہ ویرانے میں کیوں اکیلی لاین سے بیٹھی ہیں؟غلط نگاہ مارنے سے بچیں کہیں پولیس کی مار نا کھانی پڑے؟

قدیم مشرقی اقدار

والدین وخاندانی تربیت کے بغیر پاکستانی نئی نسل کی اخلاقی حالت میں بھتری ناممکن ہے انھیں اس بابت قدیم مشرقی اقدارکو لازماً ترویج دینی ہونگی۔

کردار ناپنے کا کوئی تیر بہ ہدف معیار موجود نہیں ہے

اس کے بہت امکان ہیں کہ ایک ماڈرن لڑکا و عورت صحیح الکردار ہو اور چادر ،برقعہ والی،یا ڈاڑھی والا بدکار ہو:اپنے اپنے بغل میں خاموش تحقیق کرکے دیکھ لیں؟

حلیہ پر مت جائیں کردار پر جائیں

آپ کسی مرد کی ڈارھی یا عورت کے برقعے سے اسکو کسی غیر برقعہ وغیر داڑھی سے تقابلہ کرنے میں مار کھاسکتے ہیں کیونکہ جانچنے یا پرکھنے کا ہمارے پاس کوئی تیر بہ ہدف معیار نہیں ہے۔

جسمانی قربانی

پاکستانی و بھارتی خواتین میں سیاسی عہدوں،حکومتی اعلی عہدوں،جامعاتی تعلیمی عہدوں کے حصول کے لئے جسمانی قربانی زبان عام ہے۔

پاکستانی جامعات،نشہ اور جسم فروشی

پاکستان کی سب سے لبرل و آزاد خیال
جامعہ قاید اعظم میں منشیات،و جسم
فروشی کے واقعات اتنے عام ہیں کے
سال میں کئی چھاپے پڑنا معمول ہے۔

کم عمر نسل

پاکستانی کم عمر نسل کوجنسی بے راہ روی کا شکار کرنے میں شراب،منشیات،شیشہ، اور کرسٹل منشیات کا بڑا خاص ہاتھ ہے۔

شیطانی ترغیب

اللہ لوگوں کے ایمان کو آزمایشوں سے آزماتا ہے اکثر جب لوگ شیطانی ترغیب پر مراد پاتے ہیں تو وہ اللہ کی نگاہ میں گر جاتے ہیں:جو انکی تقدیر میں لکھا تھا وہ اسے بے صبری کے سبب پاگئے اور جھنم کو اپنا گئے۔

موبایل فون کی تباہی

اسمارٹ موبایل فون کا عالمی اخلاقی نظام کی تباہی میں بہت بڑا کردار ہے:جس میں کیمرے کی صفت کا خاص ہاتھ بیان کیا جاتا ہے۔

قحبہ گری

کالج و جامعات میں تعلیم پاتی لڑکیوں کی ایک تعداد بھی خواہشات،تعلیمی اخراجات، غربت اور جبلتوں کی اسیر ہوکر قحبہ گری کرتی پائی جاتی ہے۔

خاص گاہک

پاکستانی جامعات میں تعلیم پاتے والدین سے دور دور افتادہ علاقوں کے لڑکے شادی شدہ قحبہ گر خواتین کے خاص گاہک ہوتے ہیں۔

بے روزگار نکھٹو شوہر

نکھٹو ،بے روزگار ،بے غیرت شوہروں کے سبب ایشیا و پاکستان میں شادی شدہ،عورتوں کی کافی تعداد نہایت کم نرخ پر جسم فروشی کرتی ہیں۔

زنا بلرضا

کم عمرلڑکوں اورلڑکیوں کو ہوس کا نشانہ بنانے کی بات جبر، اغواعدم رضا کے سبب مشہورہےمگر جنسی رضا کی کرشمہ سازی بھی ہمارےہاں نایاب نہیں ہے۔

مقروضوں کا قبرستان

آج پوری دنیا مقروضوں کا قبرستان بن چکی ہے اور سرمایہ دار اتنے مفت کے بے انتہا منافع سے کچھ رقم غریبوں میں بانٹ کر دل ٹھنڈا کرتا ہے۔

آسایشوں کے چکر اور صارف

آسایشوں کو روز خریدنے کے چکر میں صارف خوب محنت کرتا ہے،ضمیر بیچتا ہے اور پھر محفوظ رقم میں کمی لاکر قرضہ میں اضافہ کرتا ہے۔

آسایشوں کی اشتہا

آسایشوں کی اشتہا کا شکار ہوکر فرد سرمایہ کارکو سرمایہ کاری میں اضافہ کرنے پر تیارکرتاہےسرمایہ کار روز آسائیشی اشیا میں جدت لاتا ہے۔

آزادی اور سرمایہ

لبرل فکر اور آزادی کی گفتگوسرمایہ کاری ، سرمایہ اور دولت کے بغیر کامل نہیں ہوتی ہے جبھی لبرلازم آسایشوں میں اضافہ کو عام کرتا ہے۔

دو رشتہ دار لبرلازم اور سرمایہ کاری

لبرل جمہوریت اور سرمایہ کاری ایک دوسرے کے رشتے دار ہیں ،جمہوریت ایوان قانون ساز میں سرمایہ کار کا انقلاب سے ڈنڈے سے تحفظ کرتی ہے۔

روحانیت

روحانیت حلال پر عمل پیرا ہونے،حرام سے بچنے ،نہی المنکر سے پرہیز کرنے میں ہے:غیر محرم کے ہجرے میں شرعی دلیل کے بغیر جانا حرام ہے۔

ایک ٹکٹ میں کئی مزے

پاکستان میں سرمایہ کاری میں سرمایہ کار کم سرمایہ پر مفتے میں کئی گنا مہنگی زمین اور سہولیات مفت حاصل کرلیتے ہیں۔

کے۔ای۔ایس سی کی بدمعاشی اور محتسب کی جانبداری

ہمارے ایک جاننے والے کے بند گھر پر انھونے ۵۰۰۰۰ کا بل بھیج دیامحتسب کو درخواست دی تو محتسب نے

نے کے۔ای۔ایس۔سی کے نمائندے کا ساتھ دیا اور اسے ڈرایا دہمکایا۔

کے۔ای۔ایس ۔سی:پاکستانی سرمایہ دارانہ جابریت کا اعلی نمونہ

یہ ایساظالم اور حرام کمائی پر یقین رکھتا ادارہ ہے کہ اپنی غلطی مانکر بھی یہ اپنے بل کو پورا ٹکڑوں میں وصول کروالیتا ہے۔

کے۔ای۔ایس۔سی:کی صارف سے مفت کی کمائی

چونکہ تین سو یونٹ سے اوپر یہ صارف سے ۱۶ روپے یونٹ کے قریب چارج کرتے ہیں اس طرح یہ ہزاروں لاکھوں کا بل مفت میں بھیج دیتے ہیں۔

براہ راست تعلق

اللہ نے نماز میں اپنے اور بندے کے درمیان براہ راست تعلق قایم کیا ہے اور اسکا طریقہ جبراعیلؑ نے نبی اکرمؐ کو اور نبیؐ نے ہمیں سکھایا ہے: اسکو چھوڑ کر غیر اللہ کو جسکا لمس چھوڑو نگاہ حرام ہے سے رجوع کرنا قابل لعنت فعل ہے۔

غیر محرم پیر

نبی اکرمؐ اور صحابہ کرامؓ کی ازواج کے پاس دنیا کے عظیم ترین روحانی مرد تھے مگر کسی نے اولاد کے لئے کسی پیر جیسے غیر محرم کو چہرہ نہیں دکھایا تھا ۔

جانماز کا تقدس

عزت و ذلت ،اولاد و مال سب اللہ کے ہاتھ میں ہے: اپنے گھر کی جانماز کے تقدس کو چھوڑ کر شریعت مخالف پیر کے حجرے پر جانا اللہ کے عذاب کو دعوت دینا ہے۔

کے-ای-ایس-سی:

کے-ای-ایس-سی: کی بجلی کی استعداد ایک اندازے کی رو سے ۲۵۰۰ میگا واٹ ہے مگر یہ اکثر گرمیوں میں فرنس تیل بچانے کے لئے لوڈ شیڈنگ کرتی رہتی ہے۔

یورپی کو بھلے مذہب سے خاص انسیت
نہیں ہوتی ہے مگر وہ ہمارے طرح
مذہبی بنکر لوگوں کا مذہب پر سے
ایمان منافقانہ طور پر نہیں اٹھاتے ہیں۔

مشرقی مغربی مقلدین

اہل مغرب اگر انکو دیکھ لیں تو اپنے فلسفے اور اصطلاحات کا بیڑا غرق کرنے پر بال نوچنے لگیں: مغربی آدمی بہت صاف گو غیر منافق ہوتا ہے۔

مشرقی جعلی لبرل

آج کل مشرق کے جعلی لبرل متنوع پسند، آزاد خیال، خودکو اعتدال کی چادر اُڑا کرمخالف کوماں بہن کی گالیاں معتدل اندازمیں دینے کے موید ہیں۔

سیاست دان مفت خور اساتذہ

اسی طرح پاکستانی جامعات میں مفت خوری کرنے والے اساتذہ جو تنخواہ لیکر پڑھانے کی جگہ سیاست کرتے ہیں

ان اساتذہ کو بھی سیاست دانوں کی طرح ہونٹ،نوٹ اور ووٹ خوب مرغوب و محبوب ہیں۔

یورپی تہذیب

یورپی تہذیب امریکی تہزیب کی
مادرتہزیب ہے اس تہذیب کی روسے
مشرقی شدت پسند،افیمی،خوابوں میں
رہنے والے لوگ تھے جبھی ان
پرحکمرانی جایزجانی گئی تھی۔

امریکہ کے اصل باشندے سرخ ہندی

سرخ ہندی امریکہ کے اصل
باشندے تھے امریکیوں نے انھیں
جاہل، جنگجو، آوٹ ڈیٹیڈ، وحشی قرار
دیکر گورے مہاجر امریکیوں کے لئے
خطرناک قرار دیا تھا ۔

سرخ ہندیوں کا قتل عام

ساری دنیا میں امریکہ خود کو معتدل
وآزاد خیال کہنے کامدعی
ہے مگرامریکی ریاستی اباو اجداد
نے ایک کروڑ سرخ ہندیوں کا قتل عام
حق جانا تھا ۔

بدھوونکھٹو گمان

بعض لوگوں کو یہ گمان ہوتاہےیاوہ
دوسروں کو اتنا بدھوونکھٹو تصور
کرتےہیں کہ :جو چاہےدعوی کردیں
لوگ قرانی ایمانیات جانکر ایمان
لے آئینگے .

شدت پسند خصم

سب سے اہم سوال کہ آپکے پاس کیا
دلیل ہے کہ صرف خصم ہی شدت پسند
ہے،اور آپکے پاس کیا دلیل ہے کہ آپ
اعتدال پسند ہیں؟

شدت پسند

سورج آج سوا نیزے پر تھا،جان توڑ
گرمی برسا رہا تھا،سردیوں میں شدت
کی سردی تھی کیوں نا ہوتی دونوں
شدت پسند جو ٹھرے؟صاحب؟

کے ای ایس سی

کے ای ایس سی پاکستان کا بدمعاش ترین ادارہ ہے جو حکومت سے ماورا سرمایہ کاری کی ظالمانہ عظمت کی علامت ہے۔

شدت پسند کون؟

اگر مجنوں نے لیلی کو شدت سے چاہا
بلی نے بچے کی خاطر شدت سے لڑائی
کی،فوجی نے وطن کے خاطر جان لڑا
کر لڑائی کی تو کیا انھیں شدت پسند
کہینگے۔

علمی سیاق و سباق

لفظ شدت پسندی یا اسکے برخلاف اعتدال پسندی کا علمی سیاق و سباق کیا ہے؟ اس سے علم فلسفہ اور تحقیق السان کے علما بخوبی واقف ہیں۔

اصول دین پر کاربند رہنا

لہٰذا صرف اپنے دین کے فرایض پر
سختی سے کاربند رہنا،اصول دین پر
جان لڑانا اگر شدت پسندی ہے تو
مجھے قبول ہے:میں ایسا ہی ہوں۔

وی۔آئی۔پی کے ساتھ تصویر کھنچوانے کے شوقین اساتذہ و شاگرد:جامعہ کراچی ایک نمونہ:

یہ صرف جامعہ کراچی جیسی مذہبی جذبات و احساس رکھنے والی جامعہ کا حال ہے اب اس پر کسی لبرل جامعہ کو قیاس کرلیں فرق واضح ہوجائیگا۔

وہاں اگر وزیر اعظم،وزیر اعلی،گورنر یا کوٗی معروف طاقتور شخصیت آجائےتو اس سے بڑی تعداد وہاں تصویر کھینچوانے ہاتھ ملاتی پائی جائیگی۔

نمازی اساتذہ

جامعہ کی چھوٹی بڑی پانچ مساجد میں
نمازسےیہ اندازہ قایم کیاکہ ۷۰۰
اساتذہ میں سےوہاں گنتی کےتیس
اساتذہ بھی نماذ میں نہیں ملینگے۔

نمازی اساتذہ:۲

جامعہ کراچی میں تنخواہ والے اساتذہ اندازاً ۷۰۰ کے قریب ہیں ملازمین ۳۰۰۰ کے قریب ہیں مگر مسجد میں نماذ پڑھنے آنے والے نہایت کم ہونگے۔

بڑا کون نماز یا عرس؟

نبی اکرمؐ نے فرمایا ہے کہ وہ وقت بھی آئیگا جب شریعت(سنت) پر چلنے والا ایسا ہوگا جیسا مٹھی میں جلتا کویلہ پکڑنے والا: المفہوم۔

ذرا مذکورہ بالا قولِ نبویؐ کی روشنی میں مسجدی نمازیوں اور مندرجہ ذیل محفلوں کو ثواب جاننے والوں کے اعمال کا تقابلہ کریں:

عرسوں،محفلوں میں ایمان سمجھ کر جانے والے بہت ملینگے مگر نماز پڑھنے والے کم ملینگے

جہادی نفس مضمون

جہاد کے نفس مضمون کو شیعہ
،سنی،دیوبندی ،بریلوی یا اہل حدیث کی
آنکھ کی جگہ اللہ و اسکے رسولؐ کی
نگاہ و حکم سے پرکھیں۔

داخلی مسلمانوں میں سے اہل قبلہ پر اول ہتھیار اٹھانے والے

مسلمانوں کے اوپر اپنے من چاہے عقاید کے لئے اول ہتھیار اٹھانے والے قتل عام کرنے والے خوارج تھے،جن پر نبی اکرمؐ نے لعنت فرمائی تھی۔

کے ا۔ی۔ایس۔سی

والے اکثر ایسا بھی ہوتا ہے کہ بجلی کی مطلوبہ طلب کے مطابق استعداد ہونے کے باوجود منافع اور تنخواہوں میں اضافے کے لئے لوڈ شیڈنگ کرتے رہتے ہیں۔

اسلامی جہاد اور الحادی جہاد

اسلامی جہاد اور الحادی جہاد میں ، تفریق کو روا رکھنا لازمی ہے ورنا صرف لفظ جہاد کی چڑ میں مسلمانوں سے مردانگی کی صفت نا چھینی جائے۔

باغی اور شرعی ریاست

شرعی ریاست کسی کو یہ اختیار نہیں دیتی ہے کہ مسلمانوں کو قتل کرے انکی جان مال عزت و وقار سے کھیلے۔

شرعی ریاست باغی کو کسی کو بغاوت کرنے فساد پھیلانے،لوٹ مار کرنے اہل قبلہ کی جان مال عزت سے کھیلنے کا حق تسلیم نہیں کرتی ہے۔

کے ای ایس سی

سالوں تک حکومتی اداروں سے فرنس آئیل، تیل یاگیس لیکر عدم ادائیگی پر معاملات چلاتے رہتے ہیں اورجواب طلبی پرسرمایہ نکالنے کی دھمکی دیتے رہتے ہیں۔

کے ا۔ی۔ایس۔سی

والے یہ کچھ سالوں تک پرانے نظام کو ہی
معمولی تبدیلی یا کرائے گھروں کی
نصبیت سے معاملے چلاتے رہے ہیں اور
منافع بڑھا کر مادر ریاست منتقل کر
دیتے ہیں۔

کے .ای.ایس.سی نما خدمات سرمایہ دار ادارے

اول معاہدے کی رو سے مسلسل نظام کو جدید بناتے اس میں بہتری کے لئے سرمایہ لگانے کے کاغذی پابند ہوتے ہیں مگر اس پر عمل پیرا نہیں ہوتے ہیں ۰

آئی۔پی۔پی کو حکومت بجلی میں سرمایہ کاری کے لئے بیس فیصد رقم واپسی کی ضمانت دیتی ہے، اور خود بھی سرمایہ لگاتی ہے - مگر نتیجتہً فایدہ آئی پی پی کو ہوتا ہے اور حکومت عوامی کرب پر صرف زبانی دکھ کے اظہار کے کچھ نہیں کرتی ہے۔

پاکستان میں ریاستی بدھو بازی کا کاروبار اعلی درجے کے بے وقوفوں کے دم پر قایم نظر آتا ہے۔

یہ اول معاہدے کی رو سے مسلسل نظام
کو جدید بنانے اس میں بہتری
کے لئے سرمایہ لگانے کے کاغذی پابند
ہوتے ہیں مگر اس پر عمل پیرا نہیں
ہوتے ہیں

ظالم امیر کی اطاعت

نبی اکرمؐ نے ظالم امیر کی بھی اطاعت
کا جب تک حکم دیا ہےجبتکہ وہ
فرایض دین کا نفاذ رکھے اور ان میں
رکاوٹ نا بنے۔

میرا سوال

میرا ان سے سوال ہے کہ پوری سیاسی فلسفے میں ریاست مخالف آزادی پسند افکار پڑھے پڑھائے جاتے ہیں۔کیا یہ اپنی جماعت میں یہ نہیں پڑھاتے ہیں؟

ٹولے کا علم

اس پورے ٹولے کو یہ نہیں معلوم کہ غیر حکومتی اداکار دوسری ریاست کا ایجنٹ اور آلہ کار ہوتا ہے،جو دہشت گردی کرتا ہے۔

سازشی دباو کا توڑ

لہذا ریاست پاکستان کو سابقہ علاقہ غیر،خیبر پختونخواہ کی حفاظت وہانکی سرحدوں کے تحفظ،وہاں کے علاقوں پر سازشی دباو کا توڑ کرنا ہے۔

افغان طالبان سے تعلقات

اس وقت

روس،چین،قطر،پاکستان،سعودیہ

،ایران،اورعرب الامارات افغان طالبان

سے تعلقات رکھتے ہیں اورامریکہ

سے انکے معاملات درست کروارہے ہیں۔

غیر ریاستی باغی اداکار

تحریک طالبان پاکستان ایک ریاست مخالف،شدت پسند،خون خوار ،پاکستانی شہریوں کا قاتل گروہ ہے،جو اندرونی غیر ریاستی باغی اداکار ہے۔

طالبان اور باغی پاکستانی طالبان

جبکہ پاکستانی طالبان کی ان سے شراکت صرف لفظی ہے نوعیت و کردار کے لحاظ سے یہ خارجی رویہ اور نہج کے حامل باغی اور دین سے جاہل لوگ ہیں۔

افغان طالبان جایز حاکم

افغان طالبان کی حکومت کوپاکستان
اورسعودیہ حکومتوں سمیت کئی مسلم
ممالک کی حکومتیں تسلیم کرتی تھیں
یعنی جایز حاکم تھے۔
وہ امریکی و یورپی سامراج کی راہ میں
سب سے بڑی رکاوٹ ہیں۔

دفاعی،گروہ

افغان طالبان ایک ایسا اپنے ملک میں
بیرونی حملہ آور قوتوں سے نبرد آزما
دفاعی،گروہ ہے جو ماضی میں
افغانستان پر حاکم تھا۔

طالبان پاکستان اور افغان طلبان میں فرق

سب سے پہلے یہ دیکھیں کہ تحریک طالبان پاکستان اور افغان طلبان میں نوعیت ،اہلیت،نیت ،کردار،گفتار میں کیا فرق محسوس کیا جاسکتا ہے۔

اصطلای دایرہ کار

یعنی کسی بھی طرح اپنی ریاست میں رہایش پذیر مذہب پسند،جہاد پسند،قران و سنت پر چلنے والا شہری اس اصطلاح کے دایرہ کار میں نہیں آتا ہے۔

حاکم یا خلیفہ کی اطاعت

میری تحقیق اور اسلاف کے مجموعی
کلام سے یہ امر واضح ہوتا ہے کہ
مسلمانوں کو حاکم یا خلیفہ کی اطاعت
ہر صورت میں کرنی ہے۔

سیاسی سجدے

حلانکہ ان عناصر کی سیاسی ذہنی تغیریت اس سے واضح ہے کہ ہر نئی حکومت اور چڑھتی جماعت کے پیروں مین سجدے کرنا انکے ایمان مین شامل ہے۔

کھول کر پڑھنا پڑھانا

انکا کہنا ہے کہ علم سیاسیات اور فلسفے میں کھول کر پڑھنا پڑھانا اور فلسفیانہ موشگافیاں کرنا بھی شدت پسندی کے زمرے میں آتا ہے۔

ریاستی افواج کی جہادی مدد

ان عناصر کا ماننا ہے کہ ریاستی افواج کی بوقت ضرورت مدد کو جہاد کہنا جایز نہیں ہے اور یہ امر بھی شدت پسندی،بنیاد پرستی میں آتا ہے۔

ریاست میں مکین شہری

ان اساتذہ کی علمیت اسی سے واضح ہے کہ انھیں یہ ہی نہیں معلوم کہ اپنی ریاست میں مکین شہری پر غیر ریاستی عناصر کا اطلاق علمی کم علمی ہے

کرداربدل عناصر

حال میں ہی ایک اطلاع کے مطابق جامعہ کراچی کے کچھ کرداربدل عناصرنے اسکا استعمال اپنے ان مخالفین کے لئے استعمال کیاجوانکی راہ کے کانٹے ہیں۔

کنورٹڈ ہایبرڈ جنگ

چونکہ عالمی طاقتی ریاستیں برائے راست دوسری ریاست سے جنگ نہیں لڑنا چاہتی ہیں تو اسکے لیے وہ کنورٹڈ ہایبرڈ جنگ ان عناصر سے لڑواتی ہیں۔

غیر ریاستی عناصر

غیر ریاست عناصر سے مراد وہ ادارے یا افراد ہیں جو دوسری ریاست میں ہدایت کار ریاست کی طرف سے انفرادی کردار ادا کرتے ہیں۔

فتنے کا منبع

روس ،چین منگولیا جیسے علاقوں سے مجھے یوں بھی خوف آتا ہے کیونکہ یاجوج ماجوج کے فتنے کا منبع مجھے یہیں کہیں چھپا محسوس ہوتا ہے۔

اہل چین کا ایک خوراکی عمل

اگرآپکو فرائیڈ یا روسٹ کتا سالم چاہئےتو ذبح کی زحمت کرنےکی بجائےزندہ کتےکو کھولتی کڑھائی میں ڈال کرتلنےکی بھی مثال میں نےدیکھی ہے۔

چینی خوراک

چیونٹیوں سے لیکر لال بیگ،کتے سے لیکر گدھا،بچھو سے لیکر سانپ،سور یا بکری سب انکی خوراک میں یکساں اہمیت کے حامل ہیں۔

مسلح گروہ

اندرون ریاست بستا کوئی مسلح
گروہ،ریاست کی مرضی و اجازت
کے بغیر جہاد کے نام پر اندرونی یا
بیرونی سرگرمی سرانجام دینے کا مجاز
نہیں ہے۔

چینی ریاست وعوام

ریاست و عوام کی اکثر تعداد رحم و ترحم کی جگہ ضرورت خواہش کو اہمیت دیتی ہے۔

جہاد کا نفس مضمون

جہاد کی تعریف و توصیف میں قران و حدیث کا ذخیرہ بھرا پڑا ہے اسکا نفس مضمون کے طور پر انکار اصول دین کا انکار ہے۔

میرا راستہ

پوری دنیا ،پاکستان کی سیاسی جماعتیں اور جامعات اپنے دروازے مجھ پر بند کرکے میرا راستہ نہیں روک سکتے ہیں۔

دولت و عہدہ کی چاہ

ان میں اور میرے میں فرق یہ ہے کہ
یہ جامعہ کی عزت کی دھجیاں بکھیر
کر اسکے وجود کا خون چوس رہے
ہیں،انھیں بس دولت و عہدہ کی چاہ
ہے۔

ترویج کے لئے محتاج

عزت و ذلت اللہ کے ہاتھوں میں ہے،ہم
اپنی فکر و نظریہ کی ترویج کے لئے
کسی جامعہ اور اسکے اساتذہ یا طالب
علموں کے محتاج نہیں ہیں۔

نظریہ کیا جانیں۔

جن لوگوں نے سالوں اپنے طالب علموں
کو بغیر مطالعہ وتحقیق بھی
ناپڑھایاہوجنکی شکل سے انکی شعبہ
جاتی دیواریں ناآشناہوں وہ کیانظریہ
جانیں۔

مفاد کا تحفظ

یہ دراصل نظریاتی اختلاف نہیں بلکہ انکی دوسرے سے نفرت ،حسد،بغض اوراپنے مفاد کا تحفظ ہےورنا روز جماعت بدلنے والے بے نظریہ کہلاتے ہیں۔

مادی ریاستی تعلق

اس ریاست نے منضبط ولادت سے لیکر،سانس تک پراتنی قدغنیں لگا رکھی تھیں کہ گھریلو انفرادی ،وخاندانی ڈھانچہ ایک مادی تعلق بنکر رہ گیا ہے۔

ہندو مسلمان

مسلمان اسلامی صحیح عقیدہ و عمل سے بنتا ہے ناکہ نام سے جبھی اگر مسلمان ہوکر ہندو والے ہی کام کرنےہیں تو برائےمہربانی ہندو ہی رہیں ۔

اسلام قبول کرنے سے پرہیز

مذید یہ غیرمسلم انکے ہاتھوں اسلام قبول کرنے سے پرہیز کریں جنکو خوداسلام کی خبر و علم ناہو ،اورجنکا چلن خود بدعات و شرک پر استوار ہو۔

ہمارے گواہ اسلاف

نبی اکرمؐ اور صحابہ کرام کی حیات گواہ ہے کہ ہمارے اسلاف نے مسلمان عورت کو کبھی کافر رشتہ داروں کے سپرد نہیں کیا تھا۔

ٹکے کی اوقات

اوراس ضمن میں ریاست،حکومت
سیاسی رہنما یا جماعت کسی کےقول
وحکم کی ٹکے کی اوقات نہیں
ہے:کائینات،مخلوق اور حکومت اللہ کی
ہے ناکہ انکی۔

مسلمانوں کی ریاست

پاکستان بھلے اسلامی ریاست نا ہو

پرمسلمانوں کی ریاست تو ہے ۔

جہاد و تبلیغ

نبی اکرمؐ نے فرمایا ہے کہ کافروں سے جب تک لڑو جبتک کہ وہ لاالہ کااقرار نا کرلیں یہی اللہ کا بھی حکم ہے،ہم نے جہاد چھوڑا ہے تبلیغ نہیں؟

تبلیغ کی اقدار

ہری لال ہو یا رمیش کمار دونوں
نے اپنے اپنے ،مذہب،ثقافت و اقدار کی
اہمیت کو مانا تو ہم سے کیسے تبلیغ
کی اقدار چھوڑنے کی توقع کی جائے؟

مذہب میں مداخلت

مگر اسی طرح مرضی کی قبولیت
اسلام کے راستے میں کانٹے
بچھانے ،روڑے اٹکانے اور سیاست
چمکانے کو بھی اپنے مذہب میں
مداخلت جانتے ہیں۔

کمزور اقلیتوں

ہم ہر طاقتور کے ہاتھوں کمزور اقلیتوں کی عزت پامال کرنے اور انھیں پھنسانے کے مخالف ہیں۔

چینی یوغر

چینی ریاست نے یوغر النسل
مسلمانوں کے علاقے کو ایک پولیس
اسٹیٹ اور منضبط قید خانے میں تبدیل
کرکے رکھ دیا ہے۔

زبردستی کا اسلام

کیونکہ جس طرح اسلام زبردستی کی اسلام قبولیت کے خلاف ہے تو اسی طرح بت پرستوں اور کافروں کی ماہیت قلب کی تبدیلی کا بھی دعوےدار ہے۔

شادی کا قانون

کیونکہ زورزبردستی توکسی بھی شادی میں ناپسند امر ہے ،مگر اگر یہ قانون صرف مسلمان بننے کے راستے کو بند کرنے کے لئے ہو تو یہ قانون بھول جائیں۔

قطعی قانون سازی

رمیش جی بجا فرمایا کہ زور زبردستی
کی شادی کے خلاف قانون سازی
ضروری ہے مگر یہ حکم قطعی ہونا
ناکہ ہندووں کے لئے مخصوص ہو۔

March 27 at 4:21 AM

تبدیلی مذہب بند ہو

ہری میاں اور ڈاکٹر رمیش کمار صاحب کا مطالبہ ہے کہ قانون سازی کے ذریعے تبدیلی مذہب کا راستہ بند کیا جائے۔

March 27 at 4:19 AM

مذہب کی اہمیت

لڑکیوں کے مینگھواڑی قبیلے سے تعلق رکھتے ابا جان ہری لال نے خود سوزی کرنے کی کوشش کرکے اپنے مذہب کی اہمیت کا ثبوت دیا ہے۔

تحقیق کے بعد رائے

لہذا ہندو لڑکیوں کی بابت مکمل تحقیق
کے بعد ہی اصل رائے قایم کی جائے
اور جبرو رضا دونوں مخالفین کا ذاتی
غیر مذہبی فعل جانا جائے۔

March 26 at 5:20 AM

اوچھی و ذلیل حرکات

مجھے یہ بھی بتایا گیا ہے کہ اندرون سندھ ہندو بنئے کے کاروبار و دولت ہتھیانے کے لئے بھی اوچھی و ذلیل حرکات عام ہیں۔

March 26 at 5:18 AM

مذہبی سیاسی باوے

جن لوگوں کو پاکستان اور سندھ کے
سیاسی مذہبی،پیر فقیروں اور جہالت کا
مشاہدہ کرنا ہے وہ امیر حمزہ
کی:مذہبی سیاسی باوے پڑھیں۔

March 26 at 5:08 AM

غلام اور لڑکے پر لعنت

نبی اکرمؐ نے اس غلام اور لڑکے پر
لعنت کی ہے جو اپنے آقا اور باپ دادا
کی جگہ دوسرے سے نسب جوڑتا ہے۔
المفہوم الحدیث۔صحیحۃ۔

March 26 at 5:06 AM

اندرون سندھ کے جعلی سیدوں کی منت

جعلی سیدوں کا چلن عام ہے بچہ پیدا ہونے سے قبل منت مانی جاتی ہے کہ اگر پیدا ہوا تو نام سید رکھونگا۔

چینی ریاست مذہب کو جاہلوں کا کھیل افیم،ریاست مخالف،ریاست گریز اعتقاد

کا مخزن تصور کرتی ہے۔

March 26 at 5:03 AM

اندرون سندھ کا طفیلیہ

اندرون سندھ مسجد کا خطیب و امام
،جاگیردارزمیندار ،سردار،سائیں،پیر،کا
چمچا اور طفیلیہ ہوتا ہے،اس سبب
وہاں شریعت کم تصوف زیادہ ہے۔

سندھ میں رایج غیر مذہبی و سماجی برائیاں

لوگ عورتوں سے برا سلوک کرکے مذہب کا نام بدنام کرتے ہیں،لواطت عام ہورہی ہے،کاروکاری،نکاح القران عام ہیں۔وراثتِ نسا قلیل ہے۔

March 26 at 5:01 AM

چینی سیاسی نظام میں

دوسری طرف اشتراکی قدغنوں ،جبر و استحصال کی نمایاں علامتیں بھی عام ڈھونڈھی جاسکتی ہیں ۔

اشتراکی سرمایہ دارانہ ریاست

یہاں کچھ خطے سرمایہ دارنہ عالمی بڑھوتری سستی افرادی قوت،بیرونی سرمایہ کاری میں عالمی شہرت رکھتے ہیں -

اضداد پرستی

اس ریاست کی مطلق العنانیت و اجتماعیت میں عجیب تضاد اضداد پرستی کے سبب اتم پائے جاتے ہیں۔

مادی متعین مقصد

اپنے مادی متعین
مقصد کے لئے جینا، مرنا اور مشینی زندگی
گزارنا اس جدید نیم مشرقی، نیم
مارکسی، نیم سرمایہ دارانہ، نیم جمہوری
ریاست کا مقصد ہے۔

چینی ریاست

چینی ریاست ایک اجتماعیت پرست،یک جماعتی واحدانی نوعیت ریاست ہےجو مادیتی اخلاقیات پراستوار ہےجسکی نگاہ میں ریاست ہی معبود حقیقی ہے .

دین شکن تہذیب

جدید صدی کی سب سے دین شکن
مذہب گریز تہذیب و ریاست جو عصر
حاضر نے دیکھی ہے کا نام چین ہے۔

دینی اصلاح

اندرون سندھ عوام کی سخت دینی اصلاح کی ضرورت ہے وہاں دین صرف رسومات ،اور بدعات کا نمونہ بن کر رہ گیا ہے۔

عورتوں کی آزادی کے مطالبہ کاروں سے مطالبہ

میرا ان سے مطالبہ ہے کہ عملی طور پریہ جہاد یہ اپنے گھروں سے شروع کریں ، دوسروں کی بیوی،بیٹیوں سے نکل کر اپنی گھروالیوں سے ابتدا فرمائیں۔

March 26 at 4:38 AM

آسان نسخہ

ان حضرات کی نگاہ میں سستی شہرت کا آسان نسخہ عورتوں کی مطلق آزادی کا مطالبہ ہے۔

March 26 at 4:35 AM

گھٹیا شہرت

آج کل یہ نیا رجحان عام ہے کہ مذہبی اورسیاسی جماعت کے کارکن آن لاین گھٹیا شہرت کے لئے دین،مذہب اور حقیقی علما کی کردار کشی کرتے ہیں۔

گھٹیا شہرت

آج کل یہ نیا رجحان عام ہے کہ مذہبی
اورسیاسی جماعت کے کارکن آن لاین
گھٹیا شہرت کے لئے دین،مذہب اور
حقیقی علما کی کردار کشی کرتے ہیں۔

خود سے عہدہ مانگنے کا شرعی حکم

اب نبی اکرمؐ کی احادیث
سے قیاس کریں اور یہ ارشاد مد نظر
رکھیں کہ: جو ہم سے خود عہدہ
مانگے ہم اسے عہدہ نہیں دیتے ہیں۔

March 26 at 4:31 AM

جان قربان کرنا

سیاسی کارکن جماعت کے لئے اور رہنما تخت و مقام کے لئے جان قربان کرتے ہیں نا کہ اللہ اور اسکے دین کے لئے کہ انکی واہ واہ کی جائے۔

سیاسی نشہ جانشین اولاد

انکی اولاد انکے بعد انکی جانشین تصور کی جاتی ہے:کیونکہ سیاسی نشہ،اور اقتدار کانشہ ایسا بدمست ہے کہ اسے شاید ہی کوئی چھوڑنا پسند کرے۔

March 26 at 4:28 AM

سیاسی نشہ اتنا تباہ کن و طاقتور ہوتا ہے کہ رہنما

اپنی زندگی میں مرکزی مقام اپنی اولاد کو بھی نہیں دیتے ہیں۔

نسلی بادشاہی

ان سیاسی مردوں سے میری مراد
کارکنوں سے نہیں رہنماوں سے ہے
جنکی نیت سب کو معلوم ہے کہ اپنی
اپنی جماعتوں کو نسلی بادشاہی میں
بدل دیا ہے ۔

سیاسی سادگی یا بدھوگیری؟

کارکن و رہنما کہیں گے نہیں نہیں انھونے کاز کے لئے جان قربان کردی:بلاشبہ انھونے حکومت و ریاست کی محبت میں جان قربان کردی۔

اسلام فوراً قبول نا کریں

جبھی جو اسلام قبول کرنا چاہیں وہ فوراً قبول نا کریں سوچ ،سمجھ و تحقیق سے قبول کریں،اسلام کو جانچیں مسلمان کو نہیں۔

سیاسی اعمالوں کا دارومدار

لہذا اعمالوں کا دارومدار عوام اورچاپلوسوں کی تشریح توضیح،خوشخالی پرنہیں سیاسی مردہ و زندہ کی نیت پر ہوتاہے۔

عورت کے لئے ہجرت

نبی اکرمؐ نے فرمایا کہ جسنے ہجرت عورت کے لئے کی وہ ویسی ہی لکھی جائیگی،جسنے دکھاوا کا جھاد کیا ویسا ہی لکھا جائیگا۔المفہوم۔

سیاسی نادان مقلدوں سے سوال؟

ان نادانوں سے پوچھو کہ کیا وہ تمہاری
بہبود میں مارا گیا یا مستقبل میں دوبارہ
تاج و حکومت کی چاہ میں مارا گیا؟
اسکی نیت حکومت تھی نا؟

سیاسی فلمی پیغام

ہالی ووڈ،بالی کالی،لالی ووڈ میں
سیاسی خاندانوں اور بادشاہوں کی
نسلوں کی حفاظت کے لئے وفاداروں
کو جان قربان کرتے دکھایا جاتاہے۔

سیاسی شہید

پاکستان میں اورتاریخ میں عوام کوبےوقوف بنانے کے لئےمرنےوالے سیاسی رہنما کی بابت کہا جاتا ہے کہ

عظیم مقصد کے لئے شہید ہوگیا.اسکا اصل مقصد جانتے تھے یہ کیا؟

سیاسی صبر

بھر حال سماجی ابلاغ میں صبر کی کمی عامتہ الناس اور خاص میں یکساں ہے اس تناظر میں سیاسی برادری کی افزودگی کے باوجود صبر قابل تحسین ہے۔

سیاسی ہجو گوئی

خاکسار کے گذشتہ بیانات میں سیاسی کارکنوں کی ہجو گوئی کا شاییہ بہت سے اہل جذبات کے لئے کافی نمایاں تھا مگر پیٹی برادری نے اس پر صبر سے کام لیا۔

سیاسی جماعتیں

اصل میں سیاسی جماعتیں حکمی بیان کی رو سے ایسا منظم گروہ ہوتی ہیں جو سیاسی رخ سے عوام کی ایوان و حکومت تک رسائی کا وسیلہ ہوتی ہیں۔

ساری انگلیاں برابر نہیں ہوتیں

اس سے یہ واضح ہوا کہ ساری
انگلیاں برابر نہیں ہوتیں اور سارے
سیاسی کارکن عقل و ضمیر سے سرے
سے پیدل نہیں ہوتے ہیں۔

ہر دسواں بچہ

پاکستان میں ہر دسواں بچہ ماں کی
کوکھ سے پیدائیشی سیاستدان یافلسفی
پیداہوتا ہے :جو اپنے جواز کے لئے خود
پروحی اتار کرخود کو خوش کرتا رہتا
ہے.

ارتداد کی سزا شرعاً موت ہے

واضح رہے کہ اگر ان ہندو لڑکیوں نے برضاورغبت اسلام قبول کیا اور بعد میں وہ خاندان کی محبت اور ترغیب پر اسلام چھوڑنا چاہیں تو سزا موت ہے۔

سیاسی لیلی

جبھی یہ سیاسی مردانہ و زنانہ سیاسی لیلی بعد میں وہی کرتی ہیں جو عایشہ گلالئی صاحبہ نے عمل فرمایا۔اتنی تبدیلی تو بنتی ہے نا؟

جب نیت ہی قبول اسلام کی نا ہو اور زبردستی قبول کروایا گیا ہو تو پلٹنا ارتداد نہیں ہے.

لہذا جب بنیاد و نیت ہی غلط ہے تو دین و نکاح بھی غلط ہے اور ،ان پر ارتداد کا اطلاق بھی غلط ہے.

March 26 at 4:53 AM

فاسد نکاح

جان لیں کہ جنکو جبراًاسلام قبول
کروایا گیا ہے چونکہ انکو بلا
رضاورغبت جبراً مسلم کیاجاتا ہے لہذا
انکا نا اسلام معتبر ہوتا ہے نا نکاح۔
اسکا نکاح بھی فاسد ہی ہوگا۔

عورتوں کو جبراً مسلمان کرلینا

جب ایسا ہوگا تو اندرون سندھ والاحال
ہوگا کہ جو لوگ زندگی بھر جمعہ
پڑھنے نا گئے ہوں وہ پسندیدہ ہندو
عورتوں کو جبراً مسلمان کرلیتے ہیں۔

March 26 at 4:48 AM

ہمارے نفس میں چھپا داخلی ذاتی مولوی

فرض کریں علماکوایک ہفتے کے لئے نظر بندکردیا جائےتو کیا ہوگا:کیا ہم سب میں پوشیدہ غیرمذہبی ملحد چھپا ذاتی مولوی نکل کرباہرنہیں آئیگا؟

March 26 at 4:45 AM

مولوی کی عدم تابعداری مگر اُس پر تنقید ضروری؟

ہماری زندگی سیاست،ریاست میں
کونسا ذاتی معاملہ ہے جس پر ہم
مولوی کے تابعدار ہیں،وہ بیچارہ بس
نکاح،طلاق،اورموت پر عمل میں لایا
جاتا ہے -

March 26 at 4:42 AM

لبرل میاں تمہاری خواہش کیا مولوی روک پایا ہے؟

میاں جس عورت سے مخصوص کپڑوں اور عدم دوپٹہ کے تم طلب گار ہو اگر تم اس سے انفرادی معاملہ طے کرلو تو مولوی تمہیں روک نا پائیگا۔

المنطق اُلجنیدیہ

فرمودات گرامی

ڈاکٹر محمد علی جنید

حصہ اول

دار اُلفکر والتحقیق الاسلامی :پاکستان